سوال

جس شخص کا جمعہ فوت ہوجائے وہ نماز ظہر ادا کرے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب میں مسجد میں باجماعت نماز جمعہ ادا نہ کرسکوں تو کیا جمعہ کی نیت سے گھر میں دو رکعتیں پڑھوں یا ظہر کی نیت سے چار رکعات ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص کسی شرعی عذر مثلاً بیماری وغیرہ یا دیگر اسباب کی وجہ سے مسلمانوں کے ساتھ مل کر نماز جمعہ ادا نہ کرسکے تو اسے نماز ظہر پڑھنی چاہیئے اسی طرح عورت مسافر اور بادیہ نشین لوگ بھی نماز ظہر ادا کریں گے جیسا کہ سنت سے ثابت ہے اکثر اہل علم کا بھی یہی قول ہے اور ان سے الگ راہ اختیار کرنے والے کا کوئی اعتبار نہیں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص531

محدث فتویٰ